روزنامہ جسارت کراچی (2) ہفتہ، 2 جنوری 2016ء

## خیر پور شوگر ملز لمیٹڈ

# اطلاع

## برائے سالانہ اجلاسِ عامہ

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ خیر پور شوگر ملز لمیٹڈ کا 26 واں سالانہ اجلاس عامہ، بروز ہفتہ 30 جنوری 2016ء کو دوپہر 02:30 بجے 3rd فلور، پلاٹ نمبر C-15، 9th کمرشل لین، زمزمہ، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز 5، کراچی میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل کاروباری معاملات زیر بحث آئیں گے۔

1 - 25 واں سالانہ اجلاس عامہ منعقدہ 30 جنوری 2015ء کی توثیق۔

2- کمپنی کے 30 ستمبر 2015ء کو ختم ہونے والے سال پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی پیش کردہ رپورٹ بمعہ نفع ونقصان کی صورتحال، ان پر غور کرنا اور منظوری دینا۔

3- اگلے سالانہ اجلاسِ عامہ کے لئے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز ہارون زکریا اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جو ریٹائر ہو رہے ہیں اور اس مقصد کے لئے اہل ہیں انہوں نے بھی دوبارہ تعیناتی کے لئے خود کو پیش کیا ہے۔

4- صدر نشین کی اجازت سے کسی دیگر عام کاروباری امور پر غور۔

بحکم بورڈ
(عبدالواحد نو یوالا)
کمپنی سیکریٹری

کراچی بتاریخ
31 دسمبر 2015

**نوٹ:**

1 - کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بک 29 جنوری 2016ء سے 05 فروری 2016ء (بشمول دونوں دن) بند رہے گی۔

2- اس اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کے لئے اہل ممبر اپنی جگہ کسی کو بطور پراکسی نامزد کر سکتا ہے۔ پراکسیز اسی صورت میں مؤثر ہوں گی کہ ان کی نامزدگی کمپنی میں اجلاس سے 48 گھنٹے قبل ہو۔

3- حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتے اور رابطے کے نمبروں میں تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار کو دیں۔

4- سی ڈی سی کا ہر مراعات یافتہ فرد اے جی ایم میں ووٹ دینے کا مجاز ہے جس کے لئے اسے اپنا قومی شناختی کارڈ (CNIC) لانا ضروری ہے اور پروکسی کی صورت میں حصص یافتہ کے CNIC کی مصدقہ نقل پروکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندہ کو اس مقصد کے لئے مطلوبہ دستاویزات لانا ضروری ہے۔

5- جن ممبران نے اب تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کمپنی میں نہیں جمع کرائی ان سے درخواست ہے کہ وہ ہمارے شیئرز رجسٹرار تک پہنچا دیں تاکہ ایس ای سی پی کی مطلوبہ ضروریات پوری کی جاسکیں۔